
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : رومانہ حُسین

کلاس 5 کے لئے



# ٹیچر کیلئے تیاری

- یہ گائیڈ کلاس 5 کے بچوں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ پاکستان، خاص کر کراچی میں رہنے والے طلبا کے لئے اونٹ وہ جانور ہے جسے دیکھنے کے لئے انہیں چڑیا گھر جانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ یہ غیر معمولی جانور انہیں اپنے شہر کی سڑکوں پر مال گاڑی کھینچتے ہوئے یا پھر کلفٹن، سینڈزپٹ اور ہاکس بے کے ساحلوں پر لوگوں کو سواری کرواتے ہوئے عام نظر آتا ہے۔

اپنے یہاں کے اس عام جانور پر بچوں کے لئے کوئی معلوماتی کتاب ہونا ضروری تھا۔ یہی سمجھ کر اس کتاب کو ترتیب دیا گیا ہے اور اس بات کا بھی خیال رکھنے کی کوشش کی گئی ہے کہ کتاب معلوماتی ہونے کے ساتھ ساتھ دلچسپ بھی ہو اور کھیل ہی کھیل میں کام کی باتیں کرلی جائیں۔ اس بات کا اندازہ اس کی شوخ تصویروں سے بھی لگایا جاسکتا ہے۔

ٹیچر کی معلومات کے لئے چند باتیں یہاں رقم کی گئی ہیں تاکہ کلاس میں گفتگو کے دوران وہ اپنے طلبا کو اونٹ کے متعلق (خاص طور پر پاکستانی اونٹ کے متعلق) مزید معلومات دے سکیں۔

اونٹ کا وزن ایک اندازے کے مطابق ہزار سے تیرہ سو پونڈ ہوتا ہے۔ اس پر بارہ من تک سامان لادا جاسکتا ہے۔ مشقت کے لئے اونٹ دس سال تک موزوں ہے۔ لیکن نسل کشی کے لئے بیس سال تک کام دیتا ہے۔

اونٹنی روزانہ چار سے چھ سیر تک دودھ دیتی ہے۔ اونٹ جتنا وقت چرنے میں لگاتا ہے اتنا ہی وقت جگالی میں صرف کرتا ہے۔ اونٹ کی یہ خصوصیت ہے کہ صحرا کی اکثر کڑوی جھاڑیاں جنہیں دوسرے مویشی منہ تک نہیں لگاتی، وہ بھی کھا لیتا ہے۔ چولستان کی خودرو جھاڑیاں ''لانا'' اور ''کھار'' اس کو بہت پسند ہیں۔

چولستانی لوگ اونٹ کو بہت عزت سے دیکھتے ہیں اور اس کو برا بھلا نہیں کہتے نہ ہی اس کو پیٹا جاتا ہے۔

## فلاسی

یہ چولستان میں عام استعمال ہونے والی خوبصورت دری ہے۔ اسے اونٹ کے اون اور کپاس کے سوت سے دستی کھڈی پر بنا جاتا ہے۔ اس میں سبز، پیلے، سرخ، سفید اور مسے (اونٹ کے رنگ) کی دھاریاں ہوتی ہیں۔ مہمانوں کی آمد پر چولستانی گھروں میں موجود بہترین فلاسیاں نکال کر بچھاتے ہیں۔ فلاسی کو سردیوں میں چارپائی پر بچھایا جاتا ہے۔ بارش آ جائے تو فلاسی کو سامان پر ڈال دیا جاتا ہے۔

## بوری

اسے اونٹ کے اون سے تیار کیا جاتا ہے۔ ایک بوری مکمل ہونے میں دو چار دن صرف ہوتے ہیں۔

# سیشن 1

- اردو کی کلاس میں اس کتاب کے حوالے سے جو پہلا سیشن ہو اس میں کتاب نہ کھولی جائے بلکہ طلبا سے پوچھا جائے کہ محاورہ ''اونٹ رے اونٹ تیری کون سی کل سیدھی'' کا مطلب بیان کریں۔ یہ بات ضرور بتائیں کہ ''کل'' کا مطلب یہاں (آنے والے یا گزرے ہوئے دن سے نہیں) بلکہ اس سے مراد حصہ (part) پرزے وغیرہ ہے۔

بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے طور پر اونٹ کی ایک تصویر بنائیں اور اس کے جسم کے مختلف حصوں کے نام لکھیں۔ تصویر کوپی میں بنوائیں۔

## سیشن 2

- آج کتاب خود پڑھ کر سنائیں۔ پھر بچوں سے پڑھوائیں۔

## گھر کا کام

- آپ کو کتاب ''اونٹ رے اونٹ'' کیسی لگی؟ جواب وجہ کے ساتھ لکھیں۔

## سیشن 3 اور 4

(دو پیریڈ)

- مندرجہ ذیل سوالات بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ان کے جواب لکھیں۔ ہو سکتا ہے کہ یہ کام وہ ایک پیریڈ میں مکمل نہ کر سکیں۔ اس کے لئے دو پیریڈ زیادہ مناسب رہیں گے۔
- اگر آپ کے پاس اونٹ ہوتا تو آپ اسے کس طرح پالتے؟
- اونٹ سے انسان کو کیا فائدے پہنچتے ہیں؟
- ایک کوہان والے اونٹ اور دو کوہان والے اونٹ میں کوہان کے علاوہ کیا فرق ہوتا ہے؟
- اونٹ کی کونسی بات آپ کو دلچسپ لگی؟
- اونٹ نے اپنی خوراک اور ناک نقشے کے بارے میں کیا بتایا؟
- صحراء میں اونٹ کی سواری کیوں کرتے ہیں؟
- آپ نے اونٹ کی جو تصویر کلاس میں بنائی تھی اور اس کے جسم کے حصوں کے نام لکھے تھے' انہیں دوبارہ دیکھیں اور اس تصویر پر نام کے ساتھ ساتھ ان کے حصوں کا کام بھی درج کریں۔
- اونٹ کے (بے ہنگم) جسم کا موازنہ کسی اور جانور سے کریں جو آپ کی نظر میں عجیب و غریب ہو؟

## گھر کا کام

- اونٹ کے بالوں سے بنانے کے لئے ایک فلاسی یا دری کا نمونہ بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- چونکہ آپ بچوں کو پہلے ہی بتا چکی ہیں کہ فلاسی میں کون سے رنگ عام طور پر استعمال کئے جاتے ہیں۔ دیکھیں کیا بچے وہی رنگ استعمال کرتے ہیں یا اپنے طور پر کوئی نیا تجربہ کرتے ہیں۔ ڈیزائن میں پاکستان کے مختلف حصوں میں استعمال ہونے والے motifs یا ایسے نباتات' حیاتیات یا geometric ڈیزائن کا استعمال ہونا چاہئے جو خاص ہمارے ملک کے لگیں' غیر ملکی نہ محسوس ہوں۔ اس بات کی وضاحت کریں اس کام کو سادے کاغذ پر کرنے کو کہیں اور بچے اپنے اپنے نام بھی لکھیں۔ پھر آپ اگلے روز سب نمونے کلاس میں سوفٹ بورڈ یا دیوار پر سجائیں۔

آپ اپنی طرف سے اوپر یہ عبارت لکھ دیں۔ ''اونٹ کے اون اور کپاس کے سوت سے بننے والی دری یا فلاسی کے نئے ڈیزائن جو کلاس 5 کے بچوں نے بنائے ہیں''۔

## سیشن 5

- آج ٹیچر بچوں کو پاکستان کے نقشے پر وہ صحرا دکھائیں جن کا کتاب میں ذکر ہے اور انہیں جنوب میں کراچی کے مشرق میں، دریائے سندھ کے دہانے کے ڈیلٹا Indus Delta کا حصہ بھی دکھائیں۔ ملک کے اس علاقے میں اونٹ سب سے زیادہ پایا جاتا ہے۔

اس کے علاوہ ٹیچر کی سہولت کے لئے اس گائیڈ کے شروع میں جو باتیں لکھی گئی ہیں وہ اپنے طلبا تک پہنچائیں اور اگر ان کی سمجھ میں کوئی بات نہ آئی ہو تو اس کی وضاحت بھی کریں۔ ہو سکتا ہے کہ کتاب میں کچھ ایسے فقرے اور الفاظ بھی ہوں جن کے معنی بچے نہ جانتے ہوں، انہیں بورڈ پر لکھیں تاکہ وہ کوپی میں لکھ لیں اور ذہن نشین کر لیں۔

## سیشن 6

- آج آپ طلبا کو دو قسم کے کام دیں۔ ان میں سے کسی ایک کام کو کرنا ہوگا۔

اگر آپ نے ساحل سمندر کی سیر کے دوران اونٹ کی سواری کی ہے تو اس کا حال لکھیں۔ اگر خود سواری نہیں کی ہے تو دوسروں کو کرتے ہوئے دیکھا ہوگا۔ ذرا منظر کشی کریں کہ لوگ اونٹ کی سواری کیسے کرتے ہیں۔

# اونٹ رے اونٹ

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
دوسرا ایڈیشن : اپریل 2007
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

bookgroup
187/2C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk